Office of Energy & Sustainability

NYC Public Schools

عزیز اہلِ خانہ،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز میں، اگلی نسل کی نشو ونما کرنا ہمارا فرض ہے — اور اس میں ہمارے ارد گرد کے ماحول کی دیکھ بھال کرنا شامل ہے۔ اس لیے ہم اپنے اسکولوں میں ہمارے دوسرے کلائمیٹ ایکشن دن کا آغاز کر رہے ہیں۔ ہم اپنے بچوں کے لیے — آج اور مستقبل میں ہماری برادریوں کو صاف ستھرا، ہرا بھرا اور محفوظ رکھنے کے لیے ماحولیات کے تحفظ کے عہد کی اساس پر کام کر رہے ہیں۔

اس سال ہر ایک اسکول کے پاس چار کلائمٹ ایکشن دنوں میں حصہ لینے کا موقع ہو گا۔ پہلے کلائمٹ ایکشن دن کا موضوع "کچرا" ("Waste") ہے اور زیادہ تر اسکول بروز منگل، 19 نومبر کو حصہ لیں گے۔
ایسے کئی طریقے ہیں جن کے ذریعے ہمارے اسکول کچرے کی روک تھام اور جو کچھ ہم لینڈ فلز میں بھیجتے ہیں اس میں کمی کر سکتے ہیں۔ اس سال، ہم K-12 کے تمام اسکولوں کو ہفتے میں پانچ دن کے لیے کرب سائڈ کامپوسٹنگ فراہم کرنے کے طریقے کے ذریعے عمل درآمد کر رہے ہیں۔

میں آپ کی اپنے بچوں کے ساتھ موسمیاتی تبدیلی کے اور ہم سب کس طرح حل کا حصہ بن سکتے ہیں کے متعلق مشغول ہونے کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتا ہوں:

1. کلائمیٹ ایکشن دنوں کے بارے میں مزید معلومات: on.nyc.gov/psClimateActionDays پر حاصل کریں۔
2. اپنے بچے سے ذیل کے بارے میں پوچھیں:
   - **کلائمیٹ ایکشن دن کے منصوبے:** طلبا موسمیات سے متعلق سرگرمیوں میں مشغول ہوں گے جس کو اسکول میں مبنی ماحولیاتی تحفظ کے رابطہ کاران کے ذریعے منظم کیا جائے گا:
   - **پلاسٹک فری لنچ ڈے:** کئی اسکول 19 نومبر کو قومی پلاسٹک فری لنچ ڈے میں بھی حصہ لیں گے۔ اگر آپ کا بچہ گھر سے کھانا لاتا ہے تو اس کو دوبارہ قابل استعمال کنٹینر، کاغذ کے بیگ، یا ایلومینیم فوئل میں پیک کریں۔ پلاسٹک بیگ یا ریپ (wrap) کے برعکس ان چیزوں کو کامپوسٹ یا ریسائیکل کیا جا سکتا ہے۔
   - **کھانے کے عطیات:** اپنے اسکول کے پرنسپل سے پوچھیں اگر انہوں نے کھانے کےعطیاتی پروگرام میں حصہ لیا ہے۔ اسکول بند کھانے اور مشروبات کو خاندانوں اور مقامی تنظیموں کو فراہم کر سکتے ہیں، جس سے کھانا ضائع نہیں ہو گا۔

ایک ساتھ کام کر کے، ہم ایک روشن، ماحولیاتی طور پر مزید محفوظ مستقبل کی تعمیر کر سکتے ہیں۔ ہمارے شراکت دار بننے کے لیے اور اپنے بچوں کی معاونت کرنے کے جو کچھ بھی آپ کرتے ہیں اس کے لیے آپ کا شکریہ!

نیک تمنائیں،

Meredith McDermott

Office of Energy & Sustainability